




# 8

# بینک موافقتی گوشوارہ




اگر آپ ایک کاروباری ہیں تو آپ کا ایک بینک کھاتہ ہوگا۔ جو بھی بینک کا لین دین آپ کرتے ہیں آپ اسے نقد بہی کے بینک کالم میں درج کرتے ہیں۔ جبکہ بینک اپنے لیجر میں آپ کے نام سے کھاتا رکھتا ہے، پاس بک یا بینک گوشوارے کی شکل میں آپ کے کھاتے کی نقل آپ کے پاس بھیجی جاتی ہے۔ اگر آپ سبھی لین دین کو درست طور پر اپنے کیش بک میں اور اپنے لیجر میں بینک درج کرتا ہے تو کسی بھی تاریخ کو دونوں میں وہی بیلنس ظاہر ہوگا۔ لیکن اگر آپ فرق پاتے ہیں تب آپ کیا کریں گے؟

آپ دونوں کا موازنہ کریں گے اور فرق کی وجہ دریافت کریں گے۔ آپ اس طرح فرق کی تمام مدوں کو رکھتے ہوئے گوشوارہ تیار کر سکتے ہیں کہ آپ صحیح بیلنس کا پتہ لگا سکتے ہیں۔ اس گوشوارہ کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کر سکتے ہیں۔

اس سبق میں آپ بینک موافقتی گوشوارہ، اسے تیار کرنے کے مقاصد، نقد بہی اور پاس بک کے بیلنس کے درمیان فرق کے اہم اسباب اور گوشوارہ تیار کرنے کے بارے میں سیکھیں گے۔

## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ:

- بینک موافقتی گوشوارہ تیار کرنے کا مطلب اور ضرورت بیان کرسکیں گے؛
- کیش بک اور پاس بک کے بیلنس کے درمیان فرق کے اسباب کی وضاحت کرسکیں گے؛ اور
- بینک موافقتی گوشوارہ کی تیاری کو سمجھ سکیں گے۔





## 8.1 بینک موافقتی گوشوارہ: معنی اور ضرورت

بینک موافقت گوشوارہ وہ گوشوارہ ہے جو میعادی طور پر اس خیال سے تیار کیا جاتا ہے کہ کسی مقررہ تاریخ کو کیش بک کے بینک کالم کے مطابق اور پاس بک/بینک گوشوارہ کے بیلنس کے درمیان فرق کے اسباب معلوم کر سکیں۔

بینک موافقت گوشوارہ تیار کرنے کی ضرورت

بینک موافقت گوشوارہ وہ گوشوارہ ہے جو بینک پاس بک اور کیش بک کے بینک کالم کے ذریعہ دکھائے گئے بیلنس کو باہم موافق بناتا ہے۔ ایسے بیان کو تیار کرنے کا مقصد دو بقایوں کے درمیان فرق کے اسباب جاننا ہے اور ان فرق کو موافق بنانا ہے۔

## 8.2 نقد بہی اور پاس بک کے درمیان فرق کے اسباب

نقد بہی اور پاس بک کے بیلنس میں فرق کے اسباب درج ذیل ہیں:

(i) **تاجر کے ذریعہ چیک جاری کیا گیا لیکن ابھی تک ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوا:** جب تاجر کے ذریعہ اپنے لین داروں کے حق میں چیک جاری کیا جاتا ہے تو انہیں نقد بہی کے بینک کالم کے ادائیگی کی جانب دکھایا جاتا ہے۔ یہ نقد بہی کے مطابق بینک بیلنس کم کرتا ہے۔ بینک فرم کے کھاتے میں اس وقت ڈیبٹ کریگا جب انہیں ادائیگی کے لیے پیش کیا جائیگا۔ چیک جاری کرنے اور ادائیگی کے لیے اسے بینک میں پیش کیے جانے میں وقت لگتا ہے۔ اس سے نقد بہی اور پاس بک کے بیلنس (بقایہ) میں فرق ہوسکتا ہے۔

(ii) **بینک میں چیک جمع کیا گیا لیکن ابھی تک بینک کے ذریعہ وصول نہیں گیا یا کریڈٹ نہیں کیا گیا:** جب چیک بینک میں جمع کیے جاتے ہیں تو فرم فوری طور پر نقد بہی کے بینک کالم کے ڈیبٹ جانب اسے درج کرتی ہے۔ اس سے نقد بہی کے مطابق بینک بیلنس بڑھ جاتا ہے۔ تاہم چیک کی رقم وصول کرنے میں وقت لگتا ہے لہٰذا بینک میں جس تاریخ کو چیک بینک میں جمع کیا جاتا ہے اس تاریخ میں بینک بیلنس نہیں بڑھتا۔ اس سے نقد بہی اور پاس بک کے بیلنس کے درمیان فرق پیدا ہو جاتا ہے۔

(iii) **بینک کھاتے میں گاہکوں/دین داروں کے ذریعہ رقم سیدھے طور پر جمع کرنا:** جب کاروباری کے





نوٹس

دین داروں کو ان پر واجب رقم کو بینک کے فرم کے کھاتے میں جمع کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے تب بینک جمع کی ہوئی رقم کو فرم کے کھاتے میں کریڈٹ کرتا ہے لیکن یہ رقم جمع کی جانے والی تاریخ میں نقد بہی میں نہیں درج کی جاتی۔ نتیجتاً نقد بہی میں پاس بک میں دکھائے گئے بیلنس کی نسبت بیلنس کم ہوگا۔

(iv) **بینک کے ذریعہ لگائے بینک چارجز:** بینک کی اجرتیں، فیس یا کمیشن جو وقتاً فوقتاً گاہک کو مختلف خدمات فراہم کرنے کے عوض لی جاتی ہیں بینک فرم/گاہک کو مطلع کیے بغیر گاہک کے کھاتے میں ڈیبٹ کر دیتا ہے۔ نتیجے کے طور پر نقد بہی کا بیلنس پاس بک کے بیلنس سے زیادہ ہو جائیگا۔

(v) **گاہک کی طرف سے بینک کے ذریعہ وصول کیا گیا سود اور ڈویڈنڈ:** کھاتا حامل کے ذریعہ رکھے گیے شیئر وں پر ڈبینچر یا ڈویڈنڈ پر ملنے والے سود کو الیکٹرانک کلیرنگ سسٹم (ECS) کے ذریعہ گاہک کے بینک کھاتے میں کمپنی کے ذریعہ سیدھے جمع کر دیا جاتا ہے۔ لیکن ان مدوں کے لیے نقد بہی میں کوئی اندارج نہیں ہوسکتا کیونکہ فرم اس وقت تک معلومات حاصل نہیں کرتی جب تک کہ اسے بینک کا گوشوارہ نہ حاصل ہو جائے۔ نتیجے کے طور پر فرم بینک کے ذریعہ درج کی جانے والی تاریخ میں نہ درج کر کے نقد بہی میں بعد میں اندراج کرتی ہے اور اس لیے نقد بہی اور پاس بک کے بیلنس میں فرق ہوگا۔

(vi) **گاہک کی طرف سے بینک کے ذریعہ سیدھی ادا گیاں:** فرم اپنے بینکر کو مستقل ہدایت دے سکتی ہے کہ وہ ٹیلی فون بل، کرایہ، بیمہ قسط، ٹیکس وغیرہ کی ادائیگی کرے۔ ایسی ادائیگیاں کرنے پر بینک فرم کے کھاتے میں فوری طور پر ڈیبٹ کریگا۔ لیکن فرم اسے تبھی درج کریگا جب پاس بک یا بینک گوشوارے کی شکل بینک سے اسے سلسلے میں معلومات حاصل کرے۔ نتیجے کے طور پر پاس بک کا بیلنس نقد بہی کے بینک بیلنس میں کم ظاہر ہوگا۔

(vii) **بینک میں جمع چیک کو نکارنا (Dishonour) جانا:** فرم اپنے گاہکوں سے متعدد چیک وصول کرسکتی ہے فرم کے ذریعہ بینک میں جمع کیے گیے بعض چیک نکارے جاسکتے ہیں۔ اس معاملے میں بینک فرم کے کھاتے میں ڈیبٹ کرتا ہے۔ لیکن فرم اسے تبھی درج کرتی ہے جب وہ بینک سے اس سلسلے میں معلومات حاصل کرتا ہے۔ نتیجتاً نقد بہی اور پاس بک کے بیلنس میں فرق ہوگا۔

(viii) **فرم کے ذریعہ لین دین کو درج کرنے میں غلطی کا ارتکاب:** فرم بعض غلطیاں کرسکتی ہے جیسے جمع



نوٹس

کیے گئے چیک، جاری کیے گیے چیک سے متعلق لین دین میں بھول ؟ یا غلط اندراج اور غلط بقایہ نکالنے وغیرہ سے غلطیاں ہوسکتی ہیں۔ ایسے معاملے میں نقد بہی اور پاس بک کے بیلنس کے درمیان فرق ہوگا۔

(ix) **بینک کے ذریعہ لین دین کو درج کرنے میں ہونے والی غلطیاں:** گاہک کے کھاتے میں لین دین کو درج کرتے وقت بینک بھی غلطیوں کا ارتکاب کرسکتا ہے۔ جیسے جمع کیے ہوئے چیک سے متعلق لین دین چھوٹ جانا یا غلط اندراج نتیجتاً بینک کے پاس بک اور کیش بک کا بیلنس موافق نہیں ہوگا۔

## متن پر مبنی سوالات 8.1

I. **درج ذیل ہر معاملے میں اس متبادل کا اشارہ کریں جو آپ درست سمجھتے ہیں۔**

i. درج ذیل میں کس کے درمیان فرق کے اسباب جاننے کے لیے بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیا جاتا ہے۔

(a) نقد بہی کے نقد کالم اور پاس بک کے مطابق بیلنس

(b) نقد بہی کے بینک کالم اور پاس بک کے مطابق بیلنس

(c) دونوں میں سے کوئی نہیں

ii. بینک موافقتی گوشوارہ ہے:

(a) ایک لیجر کھاتہ

(b) نقد بہی کا ایک حصہ

(c) نقد بہی کے بینک کالم اور پاس بک کے درمیان فرق کے اسباب جاننے کے لیے الگ سے تیار کیا جانے والا بیان یا گوشوارہ

iii. بینک موافقتی گوشوارہ درج ذیل میں کس کی مدد سے تیار کیا جاتا ہے۔


(a) بینک پاس بک اور نقد بہی کا بینک کالم

(b) بینک پاس بک اور نقد بہی کا بینک کالم

(c) دونوں میں سے کوئی نہیں



نوٹس




**II. موزوں لفظ/الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کیجئے۔**

i. بینک میں گاہک کے کھاتے کی نقل کو..................کہا جاتا ہے۔

ii. جمع کیے ہوئے چیک کو نقد بہی کے بینک کالم کے ..................پر درج کیا جاتا ہے۔

iii. بینک موافقتی گوشوارہ کو نقد بہی کے ذریعہ دکھائے گئے بینک بیلنس اور بینک گوشوارے کو باہم ..................بنانے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

**III. نیچے بیانات دیے گیے ہیں ان میں سے کچھ بیان صحیح ہیں اور کچھ غلط ہیں صحیح کے لیے 'T' اور غلط بیانوں کے لیے 'F' لکھیں۔**

i. بینک جیوں ہی فرم کا چیک وصول کرتا ہے تاجر کے کھاتے میں کریڈٹ کرتا ہے۔

ii. بینک گاہک کی مستقل ہدایت پر گاہک کی طرف سے بعض ادائیگیاں انجام دیتا ہے۔

iii. بینک کے چارجز کو نقد بہی میں کبھی نہیں درج کیا جاتا۔

iv. گاہک کی طرف سے بینک کے ذریعہ کی جانے والی سیدھی وصولیابیاں کچھ پاس بک کے ذریعہ دکھائے گیے بیلنس کو بڑھا دیں تو

## 8.3 بینک موافقتی گوشوارے کی تیاری

بینک موافقتی گوشوارہ تیار کرنے سے قبل پہلے ہمیں جانچ کرنا چاہیے کہ ایا بیلنس مثبت یا منفی ہے۔

**I. موافق بیلنس:** یہاں دو امکانات ہیں۔

a. کیش بک کے مطابق ڈیبٹ بیلنس دیا گیا ہے اور پاس بک کے مطابق بیلنس کا پتہ کرنا ہے۔

b. پاس بک کے مطابق کریڈٹ بیلنس دیا گیا ہے اور کیش بک کے مطابق بیلنس کا پتہ کرنا ہے۔

جیسا کہ آپ نے پہلے ہی پڑھا ہے کہ بینک موافقتی گوشوارہ کیش بک اور پاس بک کے بیلنس میں فرق کو باہم موافق بنانے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ اگر کیش بک کا ڈیبٹ بیلنس یا نقد بہی کے مطابق بیلنس دیا گیا ہے تو ہمیں پاس بک کے بیلنس کے موافق بنانا ہے۔

پاس بک کے بیلنس کے ساتھ کیش بک کے بیلنس کو موافق بنانے کے لیے فرق کے سارے نقاط لیے



نوٹس

جانے ہیں اور نقد بہی کے بیلنس کی ان تمام رقم کو جمع کرنا ہوتا ہے جو پاس بک میں کریڈٹ کیا گیا ہے لیکن کیش بک کے بیلنس میں نہیں ہے اور ایسی تمام مدوں کو گھٹانا ہے جو پاس میں کم بیلنس دکھا رہی ہیں۔ مثال کے لیے:۔

i. 5,000 روپے کی چیک کی رقم جاری کی گئی تھی لیکن ادا ئیگی کے لیے یہ چیک پیش نہیں کیا گیا تھا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نقد بہی پاس بک بیلنس کی نسبت کم بیلنس دکھا رہی ہوگی۔ اس لیے 5,000 روپے نقد بہی کے بیلنس میں جمع کیے جائیں گے اور دونوں بہیوں کے بیلنس ایک ہو جائیں گے۔

ii. جبکہ دوسری طرف کھاتہ حامل کاروباری کے مستقل احکامات کے تحت بینک میں سیدھے طور پر 3,000 روپے جمع کر رہا ہے۔ اس کے نتیجے میں پاس بک کا بیلنس نقد بہی کے بیلنس سے زیادہ ہوگا۔ اگر یہ رقم 3,000 روپے کیش بک کے بیلنس میں جمع ہوتا ہے تب دونوں بہیاں ایک بیلنس ہی دکھائیں گی۔

iii. بینک چارجز وغیرہ کے معاملے میں پاس بک کا بیلنس بینک کے ذریعہ کم ہوتا ہے۔ ایسے معاملے میں پاس بک کے ساتھ نقد بہی کا بیلنس موافق بنانے کے لیے کیش بک کا بیلنس گھٹے گا۔

خلاصے کے طور پر، یہ تجویز دی جاتی ہے کہ اگر کیش بک کا بیلنس دیا گیا ہے اور ہمیں پاس بک کے ساتھ موافقت ہے۔ تب سبھی لین دین کے فرق کے اسباب کی جانچ کی جانی ہوگی اور وہ مد جنہیں پاس بک کے بیلنس میں جمع کرنا ہوگا اور وہ جو پاس بک سے گھٹے گا، کیش بک کے بیلنس سے گھٹایا جائیگا جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے واضح ہے۔

**نوٹ:** اگر نقد بہی کے مطابق اوور ڈرافٹ دیا گیا ہے تب صرف اوور ڈرافٹ کی رقم نفی (-) کالموں میں دی جائیگی، باقی سرگرمیاں وہی رہیں گی۔

پاس بک کا کریڈٹ بیلنس یا پاس بک کے مطابق بیلنس دیا گیا ہے تو نقد بہی کے ساتھ پاس بک کے بیلنس کو موافق بنانے کے لیے اس کے برعکس اقدامات کیے جائیں گے۔ پاس بک کے لحاظ سے اوور ڈرافٹ کے معاملے میں کیش بک کے بیلنس کو موافق بنانے کے لیے انہیں اقدامات کا اطلاق ہوگا۔

## بینک موافقتی گوشوارے کا فارمیٹ

بینک موافقتی گوشوارہ ایک گوشوارہ ہے نہ کہ کھاتہ، یہ مختلف طریقوں کا استعمال کرنے کے ذریعہ تیار کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح اسے تیار کرنے کے لیے مختلف فارمیٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ بینک موافقتی گوشوارہ کا سادہ فارمیٹ درج ذیل ہے:



نوٹس




## بینک موافقتی گوشوارہ کا سادہ فارمیٹ

| تفصیلات | (جمع) مدیں + روپے | (نفی) مدیں - روپے |
|---|---|---|
| کیش بک / پاس بک کے مطابق بیلنس (یعنی دیا گیا بیلنس) | | |
| جمع:.................(اثر یا فرق کے اسباب) یعنی جمع یا نفی | | |
| نفی:...................................................جمع یا نفی | | |
| .................................................................... | | |
| .................................................................... | | |
| کل | .................. | ............ |
| پاس بک / نقد بہی کے مطابق بیلنس | | |

کیش بک کے ذریعہ کریڈٹ بینک بیلنس دکھانے یا پاس بک کے ڈیبٹ بیلنس کے معاملے میں بینک موافقتی گوشوارہ تیار کرتے وقت اسے نفی کالم میں دکھایا جائیگا۔

درج ذیل مثالیں نقد بہی یا پاس بک کے موافق بیلنس کے ساتھ بینک موافقتی گوشوارہ تیار کرنے کے بارے میں سمجھنے میں مددگار ثابت ہونگی۔

### مثال-1 (نقد بہی کے مطابق بیلنس)

میسرز ABC لمٹیڈ کی درج ذیل تفصیلات کی بنیاد پر 31.07.2012 کے مطابق بینک موافقتی گوشوارہ تیار کریں۔

i. نقد بہی کے مطابق بینک بیلنس: 62,500 روپے

ii. بینک میں چیک جمع کیا گیا لیکن 31.07.2012 تک کریڈٹ نہیں کیا گیا: 8,900 روپے

iii. چیک جاری کیا گیا لیکن 31.07.2012 تک ادائیگی کے لیے پیش نہیں کیا گیا 12,500 روپے

iv. ڈیوڈنڈ وصول کر کے بینک نے 5,000 روپے کریڈٹ کیا

v. بینک کے ذریعہ بینک چارجز کو 400 روپے ڈیبٹ کیا گیا



نوٹس

**حل:** میسرز ABC لمٹیڈ کا بینک موافقتی گوشوارہ 31 جولائی 2012 کے مطابق

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| .i | نقد بہی کے مطابق بیلنس | 62,500 | |
| .ii | چیک جمع کیا گیا لیکن بینک کے ذریعہ کریڈٹ نہیں کیا گیا | | 8,900 |
| .iii | چیک جاری کیا گیا لیکن ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوا | 12,500 | |
| .iv | ڈیویڈنڈ وصول ہوا | 5,000 | |
| .v | بینک کے ذریعہ ڈیبٹ بینک چارجز | | 400 |
| | پاس بک کے مطابق بیلنس | | 70,700 |
| | **کل** | **80,000** | **80,000** |
| | (کیونکہ جمع کالم کا کل نفی کالم کے جمع کی نسبت زیادہ ہے) | | |

### مثال-2 (نقد بہی کے مطابق بیلنس)

ڈیپ ٹریڈرس کی تفصیلات کی بنیاد پر 30 جون 2012 کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کریں۔

.i نقد بہی کے مطابق بینک بیلنس 1,00,000 روپے

.ii 17,550 روپے کے چیک بینک میں جمع کیا لیکن ابھی تک بینک میں نہیں وصول ہوا

.iii کریڈٹ کارڈ فیس کے لیے 5,250 روپے چارجز بینک کے ذریعہ ڈیبٹ کیا گیا ہے لیکن نقد بہی میں درج نہیں کیا گیا۔

.iv ڈسکاؤنٹ شدہ بل کے نکارے نے کے معاملے میں پاس بک میں 40,000 روپے بھی ڈیبٹ کیا گیا ہے۔

**حل:** میسرز ڈیپ ٹریڈرس کا بینک موافقتی گوشوارہ بمطابق 30 جون، 2012

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| .i | کیش بک کے مطابق بیلنس | 1,00,000 | |
| .ii | چیک جمع کیا گیا لیکن بینک کے ذریعہ کریڈٹ نہیں ہوا | | 17,550 |
| .iii | بینک کے ذریعہ کریڈٹ کارڈ فیس لگائی گئی | | 5,250 |
| .iv | ڈسکاؤنٹ شدہ بل جو نکارا گیا تھا صرف پاس بک میں درج ہوا | | 40,000 |
| | پاس بک کے مطابق بیلنس | | 37,200 |
| | **کل** | **1,00,000** | **1,00,000** |



نوٹس



## مثال-3 (پاس بک کے مطابق بیلنس)

میسرز xyz لمٹیڈ کی درج ذیل تفصیلات کی بنیاد پر بمطابق 31.7.2012 بینک موافقتی گوشوارہ تیار کریں۔

i. پاس بک کے مطابق بیلنس یعنی ابتدائی نقطہ کے عدد پر 70,700 روپے

ii. چیک بینک میں جمع کیا گیا لیکن 31.7.2011 تک کریڈٹ 8,900 روپے


iii. چیک جاری کیا گیا لیکن 31.7.2011 تک پیش نہیں کیا گیا 12,500 روپے

iv. بینک ڈیویڈنڈ وصول کرنے پر 5,000 کریڈٹ کیا گیا ہے۔

v. بینک نے بینک چارجز ڈیبٹ کیا 400 روپے

**حل:** میسرز xyz لمٹیڈ کا بینک موافقتی گوشوارہ

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| i. | پاس بک کے مطابق بیلنس | 70,700 | |
| ii. | چیک جمع نہیں کیا گیا لیکن بینک کے ذریعہ کریڈیٹ نہیں کیا گیا | 8,900 | |
| iii. | چیک جاری کیا گیا لیکن ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوا | | 12,500 |
| iv. | ڈیویڈنڈ وصول ہوا | | 5,000 |
| v. | بینک کے ذریعہ بینک چارجز ڈیبٹ کیا گیا | 400 | |
| | کیش بک کے مطابق بیلنس | | 62,500 |
| | **کل** | **80,000** | **80,000** |



Cash Book, January

| Day | Details | Inflow | Day | Details | Outflow |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Opening balance | 234 | 1 | Janet | 320 |
| 2 | Harold | 1560 | 3 | Agness | 45 |
| 5 | Love G | 810 | 6 | Maxim | 1800 |
| 14 | Baby G | 865 | 8 | Wanderland | 200 |
| 17 | Xavier | 2340 | 10 | Navel | 1567 |
| 21 | Lisa | 54 | 15 | Gabriel | 311 |
| 27 | Big Bang | 124 | 24 | Faust | 98 |
| 31 | Koala | 1566 | 28 | Logypol | 234 |
| 31 | Closing balance | 2436 | 31 | Dizzy | 540 |

Bank Statement, January

| Day | Details | Outflow | Inflow | Balance |
|---|---|---|---|---|
| 2 | 624 | 320 | - | 234 |
| 3 | Cheques received | - | 1560 | -86 |
| 4 | 625 | 45 | - | 1474 |
| 7 | 626 | 1800 | - | 1429 |
| 7 | Cheques received | - | 810 | -371 |
| 9 | 627 | 200 | - | 439 |
| 11 | 628 | 1567 | - | 239 |
| 11 | British way | 100 | - | -1328 |
| 15 | Cheques received | - | 865 | -1428 |
| 16 | 629 | 311 | - | -563 |
| 18 | Cheques received | - | 2340 | -874 |
| 22 | Cheques received | - | 54 | 1466 |
| 23 | BC Way | - | 1000 | 1520 |
| 26 | 630 | 98 | | 2520 |
| 28 | Cheques received | - | 124 | 2546 |

Adjusted Cash Book, January

| Day | Details | Inflow | Day | Details | Outflow |
|---|---|---|---|---|---|
| 31 | Non-adj balance | 2436 | | | |
| 31 | BC Way | 1000 | 31 | British way | 100 |
| 31 | Adjusted balance | 3338 | | | |

## مثال-4 (پاس بک کے مطابق بیلنس)

میسرز ٹیلی میکس انڈسٹریز کی بینک پاس بک سے 31 جولائی 2012 کو 1,27,350 روپے کا کریڈٹ بیلنس ظاہر ہوتا ہے۔کیش بک اور پاس بک کے بیلنس میں اس تاریخ کو درج ذیل فرق پایا گیا:

i. 31 جولائی 2012 سے پہلے 79,000 روپے کا جاری کیا گیا چیک ادائیگی کے لیے نہیں پیش کیا گیا تھا۔

ii. 5,000 روپے 3,500 روپے کے دو چیک 31 جولائی کو بینک میں جمع کیے گئے تھے لیکن بینک نے اسے اگست میں کریڈٹ کیا تھا۔





iii. 5,000 روپے بیمہ قسط سید ھے طور پر بینک کے ذریعہ ادا کر دی گئی تھی۔

iv. بینک کے ذریعہ فرم کے کھاتے میں 2,000 روپے غلط ڈیبٹ کر دیا گیا تھا۔

31 جولائی 2012 کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجئے۔

حل:

### میسرز ٹیلی میکس انڈسٹریز کا بینک موافقتی گوشوارہ
### بمطابق 31 جولائی 2012

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| i. | پاس بک کے مطابق بیلنس | 1,27,350 | |
| ii. | چیک جاری کیا گیا لیکن ادائیگی کے لیے پیش نہیں ہوا | | 79,000 |
| iii. | چیک جمع کیا گیا لیکن بینک کے ذریعہ اگست میں کریڈٹ کیا گیا | 8,500 | |
| iv. | بیمہ قسط سیدھے طور پر بینک کے ذریعہ ادا کی گئی | 5,000 | |
| v. | بینک کے ذریعہ غلط ڈیبٹ کیا گیا | 2,000 | |
| | کیش بک کے مطابق بیلنس | | 63,850 |
| | **کل** | **1,42,850** | **1,42,850** |

### II. جب بینک اوورڈرافٹ کی صورت حال ہو

جب کیش بک (نقد بہی) یا پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ کا معاملہ ہو تو اسے نفی کالم میں لکھا جائیگا کیونکہ یہ ایک نفی بیلنس ہے۔مقررہ اوورڈرافٹ سے نفی کر کے اسی کے مطابق جمع کیا جائیگا (جیسا کہ معاملہ ہو)۔تاہم یہ بات قابل ذکر ہے کہ جب اوورڈرافٹ کو منفی بیلنس سمجھا جاتا ہے اور نفی کے کالم میں لکھا جاتا ہے تو وہ سبھی مدیں جو نفی کالم میں ظاہر ہوتی ہیں اس میں خود بخود جمع ہو جاتی ہیں۔اسی طرح وہ تمام مدیں جو جمع کے کالم میں لکھی ہوتی ہیں۔اس سے نفی ہوتی ہیں۔

**مثال-5 (کیش بک کے مطابق اوورڈرافٹ)**

درج ذیل تفصیلات سے 31 جولائی 2012 کو مانو انڈسٹریل ورکس کی پاس بک میں جیسا کہ ظاہر ہوگا بیلنس کا پتہ لگا ہے:



نوٹس



i. 31 جولائی 2012 کو نقد بہی کے مطابق کریڈٹ بیلنس 4,299 روپے تھا۔

ii. 1,151 روپے کا چیک جاری ہوا لیکن 31 جولائی 2012 سے پہلے بھنا نہیں۔

iii. بینک میں 858 روپے کا چیک جمع ہوا لیکن 31 جولائی سے پہلے وصول نہیں ہوا

iv. پاس بک میں بینک چارجز کے 40 روپے کا ڈیبٹ تھا

حل:

### مانو انڈسٹریل ورکس کا بینک موافقتی گوشوارہ
### بمطابق 31 جولائی 2012

| نمبر شمار | تفصیلات | رقم روپے | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| | کیش بک کے مطابق اوورڈرافٹ | | 4,299 |
| i. | چیک جاری کیا گیا لیکن ابھی ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوا | 1,151 | |
| ii. | کم کریں چیک بینک میں جمع کیا گیا لیکن وصول نہیں ہوا | | 858 |
| iii. | صرف پاس بک میں بینک چارجز درج کیا گیا لیکن کیش بک میں اس کا اندارج نہیں ہوا | | 40 |
| | پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ | 4046 | |
| | کل | 5,197 | 5,197 |

### مثال-6 (پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ/غیر موافق بیلنس)

امن اینڈ سنز کی درج ذیل تفصیلات سے 31 دسمبر 2012 کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کریں:

i. پاس بک (31 دسمبر، 2012) کے مطابق اوورڈرافٹ — 10,000 روپے

ii. چیک جاری کیا گیا لیکن پیش نہیں ہوا — 6,000 روپے

iii. چیک جمع کیا گیا لیکن وصول نہیں ہوا — 1,800 روپے

iv. ڈیوڈنڈ وصول ہوا اور بینک کے ذریعہ کریڈٹ کیا گیا جو کیش بک میں نہیں ظاہر ہوئی تھی۔ 500 روپے

v. پاس بک میں بینک چارجز ڈیبٹ کیا گیا لیکن ابھی تک کیش بک میں درج نہیں کیا گیا

vi. امن کی درخواست پر بینک کے ذریعہ ایک بینک ڈرافٹ جاری کیا گیا لیکن کیش بک میں درج نہیں کیا گیا



نوٹس

حل:

## بینک موافقتی بیان
### بمطابق 31 دسمبر 2012

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| | پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ (Dr. Balance) | | 10,000 |
| جمع i. | بینک میں چیک جمع کیا گیا لیکن وصول نہیں ہوا | 1,800 | |
| ii. | پاس بک میں بینک چارجز ڈیبٹ کیا گیا | 200 | |
| iii. | بینک کے ذریعہ جاری کیا گیا ڈرافٹ لیکن کیش بک میں درج نہیں کیا گیا | 1,000 | |
| نفی i. | چیک جاری کیا گیا لیکن ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوا | | 6,000 |
| ii. | ڈیوڈنڈ وصول ہوا اور بینک کے ذریعہ کریڈٹ کیا گیا | | 500 |
| | کیش بک کے مطابق .Cr بیلنس | 13,500 | |
| | کل | **16,500** | **16,500** |

### مثال-7 (پاس بک کا غیر موافق بیلنس)

درج ذیل سے بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجیے

| | | روپے |
|---|---|---|
| i. | 31 دسمبر، 2012 کو پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ | 5,200 |
| ii. | چیک جاری کیا گیا لیکن پیش نہیں ہوا | 1,200 |
| iii. | بینک کے ذریعہ سود وصول کیا گیا | 500 |
| iv. | اوورڈرافٹ پر لگایا گیا سود | 430 |
| v. | کیش بک کے وصولی جانب کا بینک کالم overcast ہے | 100 |
| vi. | کیش بک کے ادائیگی جانب کا بینک کالم overcast ہے | 40 |
| vii. | ہدایت کے مطابق سپلائر کو جاری کیا گیا بینک ڈرافٹ | 2,000 |

viii. 600 روپے کا چیک بینک میں جمع کیا گیا اور کریڈٹ کیا گیا لیکن نقد بہی میں درج کرنے سے رہ گیا



نوٹس



حل:

## بینک موافقتی گوشوارہ
### 31 دسمبر 2012 کے مطابق

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| | پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ (Dr. Balance) | | 5,200 |
| جمع .i | بینک کے ذریعہ اوورڈرافٹ پر سود | 430 | |
| .ii | کیش بک کے وصولی جانب کا بینک کالم اوورکاسٹ ہے | 100 | |
| .iii | کیش بک کی ادائیگی جانب کا بینک کالم انڈرکاسٹ ہے۔ | 40 | |
| .iv | بینک کے ذریعہ ڈرافٹ جاری ہوا | 2000 | |
| نفی .i | چیک جاری لیکن پیش نہیں ہوا | | 1,200 |
| .ii | بینک کے ذریعہ وصول کیا گیا سود | | 500 |
| .iii | بینک میں چیک کریڈٹ کیا گیا لیکن کیش بک میں درج کرنے سے رہ گیا | | 600 |
| | کیش بک کے مطابق اوورڈرافٹ | 4,930 | |
| | کل | 7,500 | 7,500 |

### مثال-8 (نقد بہی کے مطابق غیر موافق بیلنس)

درج ذیل تفصیلات سے ایک بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجئے۔

.i 31 مارچ، 2012 کو نقد بہی میں 2000 روپے کا ایک کریڈٹ بینک بیلنس (یعنی بینک اوورڈرافٹ دکھایا گیا ہے۔)

.ii کل 20,000 روپے کی رقم کے چیک میں سے 13,000 روپے کا ایک چیک مارچ میں اور 4,000 کا ایک چیک اپریل میں بنایا گیا باقی چیک نہیں پیش کیے گیے۔

.iii 15,000 روپے کی کل رقم کے جمع کیے گیے چیکوں میں 11,500 کا چیک مارچ میں کریڈٹ کیا گیا 2,000 روپے کا چیک اپریل میں کریڈٹ کیا گیا تھا لیکن باقی وصول نہیں کیا گیا تھا۔



نوٹس

iv. بینک نے اوورڈرافٹ پر 1,500 روپے سود اور بینک چارجز کے طور پر 100 روپے ڈیبٹ کیا تھا۔

v. بینک نے سیکورٹیز پر وصول کیا گیا سود 1,700 روپے کریڈٹ کیا تھا۔

vi. قابل وصول 1,000 روپے کا ایک بل (جنوری میں بینک کے ساتھ ڈسکاؤنٹ شدہ) 31 مارچ کو نکال دیا گیا (لیکن ابھی تک کیش بک میں درج نہیں لیا گیا تھا۔)

حل:

## بینک موافقتی گوشوارہ
## 31 مارچ 2012 کے مطابق

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| | (Cr.) نقد بہی کے مطابق اوورڈرافٹ | | 2,000 |
| i. | چیک جاری کیا گیا لیکن 31 مارچ تک نہیں پیش کیا گیا۔ | 7,000 | |
| ii. | بینک کے ذریعہ وصول سیکورٹیز پر سود | 1,700 | |
| iii. | چیک جمع کیا گیا لیکن 31 مارچ تک وصول نہیں کیا گیا۔ | | 3,500 |
| iv. | اوورڈرافٹ پر سود اور بینک چارجز | | 1,600 |
| v. | قابل وصول نکالا گیا ڈسکاؤنٹ شدہ بل | | 1,000 |
| | (Cr.) پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ | | 600 |
| | **کل** | **8,700** | **8,700** |

### مثال-9 (نقد بہی کے مطابق غیر موافق بیلنس)

نومبر ماہ، 2012 کے لیے رام کے نقد بہی کا موازنہ اس کے کھاتے کے بینک گوشوارے سے کریں جس میں درج ذیل دیکھا گیا:

i. کیش بک میں 45,000 روپے کا اوورڈرافٹ دکھایا گیا۔

ii. 17,500 روپے کا ایک چیک اس کے بچت کھاتے سے نکالا گیا لیکن اس کے رواں کھاتے سے نکالا ہوا دکھایا گیا۔

iii. 70,000 روپے کے چیک نکالے گیے اور کیش بک میں ان کا اندراج ہوا لیکن پیش نہیں ہوئے



نوٹس

## بینک موافقتی گوشوارہ

.iv 60,000 روپے کا چیک بینک وصولی کے لیے بھیجا گیا جس کا کیش بک میں اندراج ہوا لیکن بینک میں کریڈٹ نہیں کیا گیا۔

.v 1,750 روپے کے بینک چارجز بمطابق بینک گوشوارہ کیش بک میں نہیں درج کیا گیا۔

.vi کیش بک کے ادائیگی کی 1,500 روپے انڈر کاسٹ تھا۔

.vii 35,000 روپے ڈیویڈنڈ گاہک کی طرف سے بینک کے ذریعہ وصول کیا گیا تھا۔

حل:

### بینک موافقتی گوشوارہ
### بمطابق 30 نومبر 2012

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| | کیش بک کے مطابق اوورڈرافٹ (Cr.) | | 45,000 |
| .i | کیش بک کی ادائیگی کی جانب انڈر کاسٹ | | 1,500 |
| .ii | بچت کھاتے سے چیک نکالا گیا لیکن غلطی سے چالو کھاتے سے نکلا ہوا دکھایا گیا۔ | 17,500 | |
| .iii | چیک جاری کیا گیا لیکن ادائیگی کے لیے پیش نہیں کیا گیا | 70,000 | |
| .iv | چیک بینک میں جمع کیا گیا لیکن ابھی کریڈٹ نہیں کیا گیا | | 60,000 |
| .v | بینک چارجز | | 1,750 |
| .vi | بینک میں ڈیوڈنڈ کی سیدھی ادائیگی | 35,000 | |
| | پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ (Cr.) | | 14,250 |
| | کل | 1,22,500 | 1,22,500 |

### مثال-10 (پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ)

31 مارچ 2012 کو جناب جگدیش کمار کی پاس بک میں 15,000 روپے کا اوورڈرافٹ میں کیش بک کے ساتھ موازنے پر یہ پایا گیا کہ

.i بینک نے اوورڈرافٹ پر 600 روپے سود لگایا ہے



نوٹس

ii. 80,000 روپے کے چیک جاری کیے تھے اور ان چیکوں میں صرف 8,000 روپے کا چیک وصول ہوا ہے۔

iii. بینک میں 4,500 روپے کے چیک جمع کیے گیے تھے لیکن صرف 500 روپے کا چیک بے باق ہوا

iv. بینک نے اس کی سرمایہ کاری پر 600 روپے کا سود وصول کرا دائیگی کی۔

v. اس نے 1,200 روپے کا چیک وصول کیا جیسے اس نے کیش بک میں درج کیا لیکن وہ بینک میں چیک بھیجنا بھول گیا۔

بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجئے۔

حل:

## بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجیے

### بمطابق 31 مارچ 2012

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
| --- | --- | --- | --- |
| | پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ | | 15,000 |
| i. | اوورڈرافٹ پر سود | 600 | |
| ii. | چیک جاری کیے گیے لیکن ادائیگی کے لیے پیش نہیں ہوئے | | |
| | (8,000 روپے-80,000 روپے) | | 72,000 |
| iii. | چیک جمع ہوئے لیکن بے باق اور وصول نہیں ہوئے | | |
| | (4,500 روپے-5,00 روپے) | 4,000 | |
| iv. | بینک کے ذریعہ سود وصول ہوا | | 600 |
| v. | بینک میں سیدھی ادائیگی | | 900 |
| vi. | کیش بک میں چیکوں کا اندراج ہوا لیکن بینک نہیں بھیجا گیا | 1,200 | |
| | اوورڈرافٹ بمطابق پاس بک | 82,700 | |
| | (کیونکہ نفی کالم کی کل جمع، جمع، کالم سے زیادہ ہے) | | |
| | کل | **88,500** | **88,500** |







## مثال-11 (پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ)

31مارچ 2012 کو رجت کی پاس بک میں 5,000 روپے کا اوورڈرافٹ دکھایا گیا ہے۔کیش بک کے ساتھ موازنہ کرنے پر درج ذیل فرق نظر آیا۔

.i 31مارچ 2012سے پہلے 1,900 روپے کا چیک جاری ہوا لیکن ادائیگی کے لیے 4اپریل 2012 کو پیش ہوا

.ii 8,200 روپے کے چیک بینک میں جمع ہوئے لیکن 2اپریل 2012 کو بے باق ہوا۔

.iii اوورڈرافٹ پر 1,500 روپے کا سود لگایا گیا لیکن کیش بک میں نہیں درج ہوا۔

.iv 6,000 روپے کا ڈیوڈنڈ بینک کے ذریعہ وصولی کیا گیا اور پاس بک میں اس کا اندراج کیا گیا لیکن کیش بک میں درج نہیں ہوا۔

.v لاکر کرایہ 80 روپے نقد بہی میں نہیں درج ہوا۔

.vi 7,800 روپے کا چیک نکار دیا گیا لیکن کیش بک میں درج نہیں ہوا

31مارچ 2012 کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجیے۔

**حل:**

### بینک موافقتی گوشوارہ

### بمطابق 31 مارچ 2012

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| | **پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ** | | 5,000 |
| .i | چیک جاری کیے گیے لیکن ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوا | | 1,900 |
| .ii | چیک جمع ہوا لیکن ابھی بے باق نہیں ہوا | 8,200 | |
| .iii | اوورڈرافٹ پر سود | 1,500 | |
| .iv | بینک کے ذریعہ وصول کیا گیا ڈیوڈنڈ | | 6,000 |
| .v | بینک کے لاکر کا کرایہ لگایا گیا | 80 | |
| .vi | نکارے گیے چیک | 7,800 | |
| | **کیش بک کے مطابق بیلنس** | | 4,680 |
| | (کیونکہ جمع کالم کی کل نفی کالم کے کل سے زیادہ ہے) | | |
| | **کل** | **17,580** | **17,580** |



نوٹس

## مثال-12 (کیش بک کے مطابق اوورڈرافٹ)

30 ستمبر 2012 کو کاروباری کے کیش بک کے مطابق 7,700 روپے کا اوورڈرافٹ تھا۔جب اس کا موازنہ پاس بک سے کیا گیا تو یہ دریافت ہوا کہ:

i. 3,500 روپے کے چیک بینک میں جمع ہوئے لیکن ان میں سے صرف 1,000 روپے پاس بک میں ابھی تک کریڈٹ کیے گیے تھے۔

ii. ستمبر میں 6,500 روپے کے چیک جاری کیے گیے لیکن صرف 2,650 روپے کے چیک ادائیگی کے لیے پیش ہوئے تھے۔

iii. کیش بک میں 2,000 روپے کا چیک وصول ہوا تھا لیکن بینک میں بھیجا ہی نہیں گیا تھا۔

iv. بینک چارجز کے طور پر پاس بک میں 65 روپے کا ڈیبٹ تھا اور 35 روپے سود۔

v. کسی کے ذریعہ 2,400 روپے سیدھے جمع کردیئے گیے لیکن کیش بک میں نہیں آیا۔

vi. 1,500 روپے بیمہ قسط اس کی مستقل ہدایات کے تحت بینک کے ذریعہ ادا کردی گئی تھی

30 ستمبر 2012 کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجیے۔

حل:

### بینک موافقتی گوشوارہ
### بمطابق 30 ستمبر 2012

| نمبر شمار | تفصیلات | جمع روپے | نفی روپے |
|---|---|---|---|
| | کیش بک کے مطابق اوورڈرافٹ | | 7,700 |
| i. | چیک جاری کیے گیے لیکن بے باق نہیں ہوئے | | |
| | (1,000 روپے-3,500 روپے) | | 2,500 |
| ii. | چیک جاری کیے گیے لیکن اس تاریخ تک بھیجے نہیں گیے | 3,850 | |
| | (2,650 روپے-6,500 روپے) | | |
| iii. | چیک کیش بک میں درج کیا گیا لیکن بینک میں نہیں بھیجا گیا | | 2,000 |
| iv. | بینک چارجز | | 65 |

نوٹس

| | | | |
|---|---|---|---|
| .v | بینک کے ذریعہ سود لگایا گیا | | 35 |
| .vi | کسی گاہک کے ذریعہ رقم سیدھے جمع کر دی گئی | 2,400 | |
| .vii | بینک کے ذریعہ اس کی مستقل ہدایت کے تحت بیمہ قسط ادا کر دی گئی | | 1,500 |
| | **پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ** | 7,550 | |
| | (کیونکہ نفی کالم کی کل جمع کالم کے کل سے زیادہ ہے) | | |
| | **کل** | **13,800** | **13,800** |

## متن پر مبنی سوالات 8.2

**.I** آپ کو پاس بک کے مطابق بیلنس دیا گیا ہے اور کیش بک کے مطابق بیلنس کا پتہ لگاتا ہے۔ درج ذیل لین دین میں سے ان رقوم کے مقابل 'A' لکھیے جنہیں پاس بک کے بیلنس میں جمع کیا جائیگا اور ان کے مقابل 'R' لکھیے جن کے ذریعے پاس بک کے بیلنس کو گھٹایا جائیگا۔

.i بینک چارجز

.ii چیک جاری کیے گیے لیکن بھنائے نہیں گیے

.iii بینک میں چیک جمع کیے گیے اور نکار دیے گیے

**.II کثیر انتخابی سوالات**

.i بینک موافقتی گوشوارہ سے متعلق درج ذیل میں کون سا بیان درست ہے۔

(a یہ ہر مہینے کے آخر میں تیار کیا جاتا ہے۔

(b یہ ہر چھ مہینے کے بعد تیار کیا جاتا ہے۔

(c یہ سال کے آخر میں تیار کیا جاتا ہے۔

(d یہ معیاری طور پر تیار کیا جاتا ہے۔





ii. اگر کیش بک کے مطابق بیلنس 8,000 روپے ہے۔ 5,000 روپے اور 18,000 روپے کے چیک جاری کیے گیے تھے لیکن ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوئے۔ باہم موافق بنانے کے بعد پاس بک کے مطابق بیلنس کیا ہوگا۔

a) 8,000 روپے  b) 13,000 روپے

c) 23,000 روپے  d) 31,000 روپے

iii. پاس بک بیلنس سے بینک موافقتی گوشوارہ تیار کرتے وقت درج ذیل مدیں گھٹائی جائیں گی؟

a) چیک جمع کیا گیا لیکن کریڈٹ نہیں کیا گیا

b) چیک جاری کیا گیا لیکن ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوا

c) بینک چارجز

d) بینک کے ذریعہ دا کی گئی بیجہ قسط

iv. بینک موافقتی گوشوارے سے متعلق کون سا درج ذیل بیان صحیح ہے؟

a) یہ کاروباری ادارے کے منافع معلوم کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

b) یہ مہینے کے آخر میں کیش بک کے مطابق بیلنس شمار کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

c) یہ کیش بک کے مطابق بیلنس اور پاس بک کے مطابق بیلنس کو باہم موافق بنانے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

d) یہ کاروبار کی مالی حیثیت کا پتہ لگانے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

v. پاس بک 4,500 روپے کا ڈیبٹ بیلنس دکھاتا ہے اور ایک گاہک نے بینک کھاتے میں سیدھے جمع کرادیا جو کیش بک میں نہیں درج کیا گیا ہے۔ کیش بک کے مطابق کیا بیلنس ہوگا؟

a) 6,500 روپے  b) 2,500 (موافقت کے لیے)

c) 6,500 (اوورڈرافٹ)  d) 2,500 (اوورڈرافٹ)



نوٹس

## آپ نے کیا سیکھا

- بینک موافقتی گوشوارہ ایک ایک گوشوارہ ہے جو اس مقصد سے میعادی طور پر تیار کیا جاتا ہے کہ کسی مقررہ تاریخ کو کیش بک کے بینک کالم کے مطابق بیلنس اور پاس بک کے بیلنس کے درمیان فرق کے اسباب کو درج فہرست کیا جا سکے۔
- بینک موافقتی گوشوارہ وہ گوشوارہ جو بینک کے پاس بک کے ذریعہ دکھائے گئے بیلنس اور کیش بک کے بینک کالم کے ذریعہ دکھائے گئے بیلنس کو باہم موافق بناتا ہے۔ایسے گوشوارے کو تیار کرنے کا مقصد دونوں بیلنس کے درمیان فرق ہوا جاننا اور انہیں باہم موافق بنانا ہے۔
- کیش بک اور پاس بک کے بیلنس میں فرق کے اسباب
  - تاجر کے ذریعہ جاری کیے گیے چیک لیکن ادائیگی کے لیے نہیں پیشن
  - چیک بینک میں جمع ہوئے لیکن بینک کے ذریعہ رقم وصول نہیں ہوئی یا کریڈٹ نہیں کیا گیا۔
  - بینک کھاتے میں گاہکوں کے ذریعہ سیدھے جمع کی گئی رقم
  - بینک کے ذریعہ لگائے گیے بینک چارجز
  - بینک کے ذریعہ سود اور ڈیوڈنڈ وصول کیے گیے
  - گاہک کی طرف سے بینک کے ذریعہ سیدھی ادائیگیاں
  - چیک/بل ڈسکاونٹ شدہ کو نکارنا
  - فرم کے ذریعہ لین دین کو درج کرنے میں غلطی کا ارتکاب
  - بینک کے ذریعہ لین دین کو درج کرنے میں غلطی کا ارتکاب

## اختتامی مشق

1. بینک موافقتی گوشوارہ سے کیا مراد ہے؟
2. بینک موافقتی گوشوارہ تیار کرنے کی ضرورت کیا ہے؟
3. کیش بک اور پاس بک کے بیلنس میں فرق کے اسباب شمار کیجئے۔



نوٹس

.4 درج ذیل تفصیلات کی بنیاد پر 31دسمبر 2012 کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجئے۔

(i) کیش بک کے مطابق بیلنس 4,200روپے

(ii) چیک جاری کیے گیے لیکن ادائیگی کے لیےنہیں پیش ہوئے 2,000 روپے

(iii) چیک جمع کیے گیے لیکن وصول نہیں ہوئے 3,000 روپے

(iv) بینک کے ذریعہ 250روپے بینک چارجز ڈیبٹ ہوئے

.5 31مارچ2012 کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجئے۔اس تاریخ کو میسز برلا انڈسٹریز کی پاس بک میں 27,500 روپے کا بیلنس دکھایا گیا۔

(a) 14,000 روپے کے چیک کو گاہک کے ذریعہ سیدھے جمع کیا گیا۔

(b) مارچ کے دوران 13,500 روپے کے چیک نہیں پیش ہوئے تھے۔

(c) بینک نے 2,500روپےشیئر میں پرویڈنڈ کے طور پر وصول کیا

(d) 17,500 روپے کے چیک بینک میں جمع کیے گیے تھےلیکن 8,500 روپے ماہ اپریل 2012 میں وصول ہوئے۔

.6 درج ذیل تفصیلات سے 31 جنوری 2012 کو **ادانی** انڈسٹریل ورکس کی پاس بک میں جو بیلنس ظاہر ہوگا،اس کا پتہ لگا ہے۔

(a) 31 جنوری 2012 کو کیش بک کے مطابق بیلنس 4,000 روپے تھا۔

(b) چیک جاری کیے گیے لیکن 1,000 روپے کی رقم 31 جنوری سے پہلےنہیں ادا کی گئی۔

(c) چیک بینک میں جمع کیے گیے لیکن 800روپے کی رقم 31 جنوری سے پہلے وصول نہیں کی گئی۔

(d) پاس بک میں 400روپے بینک چارجز کے لیے ڈیبٹ تھا۔

.7 درج ذیل تفصیلات سے 31مارچ 2012 کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجئے

(i) کیش بک کے مطابق اوورڈرافٹ 12,500 روپے

(ii) 18,000 روپے چیک جاری کیے گیے تھےلیکن ادائیگی کے لیےنہیں پیش ہوئے

(iii) 24,000روپے کے چیک بینک میں جمع ہوئےلیکن 31مارچ 2012 تک کریڈٹ نہیں کیا گیا تھا۔

(iv) بینک چارجز 1,500 روپے



نوٹس



8. کیش بک کے بینک کالم میں 30 جون 2012 کو 1,49,000 کا ایک ڈیبٹ بیلنس دکھایا گیا تھا۔ کیش بک اور پاس بک میں اندراجات کا موازنہ کیا گیا اور درج ذیل فرق نظر میں آئے۔

(i) شیام کے 9,000 کے چیک اور مدہنی کے 15,000 روپے کے چیک جمع کیے گیے تھے لیکن 30 جون 2012 تک وصول نہیں ہوئے تھے۔

(ii) ایک لین دار رام نے 8,000 روپے بینک میں سیدھے جمع کیا تھا۔

(iii) بینک نے 1,500 روپے کا سود منظور کیا۔

(iv) رادھے کو 10,000 روپے کا چیک جاری کیا گیا تھا لیکن ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوا۔

(v) بینک نے بیمہ قسط کے طور پر 8,000 روپے کے ذریعہ کھاتے میں ڈیبٹ کیا تھا۔

(vi) بینک نے بینک چارجز کے طور پر 700 روپے کا کھاتہ ڈیبٹ کیا تھا۔

آپ کو 30 جون 2012 کو بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیے جانے کی ضرورت ہے۔

9. درج ذیل تفصیلات کی بنیاد پر اس بیلنس کا پتہ لگایے جو 31 مارچ 2012 کو ارون کی پاس بک میں ہے۔

(i) 31 مارچ 2012 کو کیش بک کے مطابق بینک اوورڈرافٹ 60,200 روپے

(ii) 31 مارچ 2012 کو ختم ہوا ہے 6 ماہ کے اوورڈرافٹ پر سود 10,000 روپے کا اندراج پاس بک میں ہوا ہے۔

(iii) بینک درج بالا مدت کے لیے پاس بک میں 1,300 روپے کا بینک چارجز لگاتا ہے۔

(iv) 10,620 روپے رقم کے چیک جاری کیے گیے لیکن 31 مارچ 2012 سے پہلے نہیں بنا۔

(v) بینک میں چیک جمع کیے گیے تھے لیکن جو 31 مارچ 2012 سے پہلے بے باق نہیں ہوئے تھے وہ 16,500 روپے کے تھے۔

(vi) سرمایہ کاری پہ بینک کے ذریعہ وصول کیا گیا اور پاس بک میں کریڈٹ کیا گیا۔

10. درج ذیل تفصیلات کی بنیاد پر 31 مارچ 2012 کو ایک بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجئے۔

(i) 31 مارچ 2012 کو پاس بک کے بیلنس کے مطابق 10,266 روپے زیادہ نکالا گیا۔

(ii) 31 مارچ 2012 کو چیک جمع کیے گیے لیکن 12 اپریل 2012 تک 120 روپے پر 10,211 روپے یا 981 روپے اور 1,128 روپے بے باق نہیں ہوئے تھے۔





(iii) بینک کا اوور ڈرافٹ جو کیش بک میں درج نہیں ہوا 1,510 روپے۔

(iv) 30 مارچ 2012 کو بینک میں 21,000 روپے کے باہری چیک جمع ہوئے لیکن اپریل 2012 میں کریڈٹ ہوئے۔

(v) چیمبر آف کامرس کی فیس 100 روپے 31 مارچ 2012 کو مستقل احکامات کے تحت ادا کی گئی لیکن کیش بک میں درج نہیں ہوئی۔

(vi) 31 مارچ 2012 کو 2,500 روپے کی واجب ہنڈی 29 مارچ 2012 کو وصولی کے لیے بینک بھیجی گئی تھی اور اس بنا پر کیش بک میں درج ہوئی تھی لیکن پاس بک میں 12 اپریل 2012 تک کریڈٹ نہیں کی گئی تھی۔

.11 درج ذیل تفصیلات کی بنیاد پر بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجئے۔ 31 دسمبر 2016 کو 750 روپے کا ایک اوور ڈرافٹ تھا جو میرے پاس بک میں دکھایا گیا تھا۔ میں نے 250 روپے کے چیک جاری کیے تھے جس میں سے صرف 200 روپے بظاہر ادائیگی کے لیے پیش ہوا تھا۔ 100 روپے کے چیک 30 دسمبر کو جمع کیے گیے تھے لیکن ان میں سے پاس بک میں 75 روپے کا چیک کریڈٹ کیا گیا۔ میں نے یہ بھی پایا 10 روپے کا چیک جو میں نے اپنی کتاب کے بینک کھاتے میں ڈیبٹ کیا تھا بینک کے ذریعہ چھوڑ دیا گیا۔ سود کے لیے 25 روپے میرے پاس بک میں ڈیبٹ گاہک کے ذریعہ 30 روپے سیدھے جمع کرایا گیا تھا اس کا اندراج پاس بک میں دکھائی دیتا ہے۔ میرے بینکر کے ذریعہ سیدھے طور پر وصول کی گئی سرمایہ کاریوں پر میرے کھاتے میں 60 روپے کا کریڈٹ بھی دکھایا گیا ہے۔

.12 ریتا اینڈ سنز کی پاس بک میں 31 مئی 2012 کو 8,500 روپے کا ایک بیلنس دکھایا گیا ہے۔ 27 مئی کو بینک میں 2,250 روپے کے چیک جمع کیے گیے تھے لیکن 510 روپے قیمت کا چیک 2 جون کو کریڈٹ کیا گیا تھا اور 150 روپے کا ایک چیک اس کے ذریعہ واپس کر دیا گیا کیونکہ 5 جون کو نکار دیا گیا تھا۔ 6,000 روپے رقم کا چیک کاٹا گیا لیکن ادائیگی کے لئے 1,500 روپے AB/P بینک کے ذریعہ ادا کیا گیا لیکن کیش بک میں درج نہیں ہوا کیش بک کے بینک کالم سے کریڈٹ جانب 100 روپے کم درج ہوا۔ فرم کی ایجنٹ پریتی بردرس نے ٹیلی گرافی منتقل کے ذریعہ 4,000 روپے بھیجنے کی درخواست کی تھی لیکن اس نے صرف 2,500 روپے بھیجا جس کے لیے کیش بک میں کوئی اندراج نہیں تھا۔ 31.05.2012 کو کیش بک کے مطابق بیلنس معلوم کیجئے اور کیش بک کے صحیح بیلنس کا پتہ لگا ہے۔



نوٹس



13. 30 جون 2012 کو ایک تاجر کے نقد بہی میں 5,820 روپے کا بیلنس ظاہر ہوا۔ بینک گوشوارے کے ساتھ نقد بہیں میں اندراجات کی جانچ کرنے پر درج ذیل پتہ چلا کہ:

(i) بینک میں 2,200 کا چیک جمع ہوا لیکن ابھی تک بے باق نہیں ہوا۔

(ii) 1,600 روپے کا چیک جاری ہوا لیکن ادائیگی کے لیے نہیں پیش ہوا۔

(iii) بینک کے ذریعہ 380 روپے کا ڈیوڈنڈ وصول ہوا جو ابھی تک کیش بک میں درج نہیں ہوا تھا۔

(iv) 40 روپے کے بینک چارجز کیش بک میں نہیں درج ہوئے تھے۔

(v) 2,500 روپے کا ایک B/R بینک میں ڈسکاؤنٹ ہوا تھا جو 100 روپے کے ڈسکاؤنٹ چارج کو درج کیے بغیر کیش بک میں درج ہوا تھا۔

آپ ایک بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجیے۔

14. درج ذیل تفصیلات کی بنیاد پر 31 مارچ 2012 کو ایک بینک موافقتی گوشوارہ تیار کیجیے اور صحیح بیلنس معلوم کرنے کے لیے کیش بک میں ضروری تطابق دکھائے۔

(i) پاس بک کے مطابق بینک بیلنس (اوورڈرافٹ) 3,000 روپے

(ii) 28.03.2012 پاس بک میں 2,000 روپے کا چیک کریڈٹ کی گیا تھا بعد میں نکار (Dishonoured) دیا گیا اور 01.04.2012 کو پاس بک میں ڈیبیٹ کیا گیا۔اس تاریخ میں کیش بک میں اس نکارے گیے چیک کا اندراج نہیں تھا۔

(iii) بینک نے سود کے ذریعہ 1,000 روپے وصول کیا اور اس رقم کو کریڈٹ کیا گیا لیکن 31 مارچ 2012 کو کیش بک میں اسے درج نہیں کیا گیا تھا۔

(iv) 31 مارچ 2012 کو بینک میں 25,000 روپے کا ایک چیک جمع ہوا تھا لیکن صرف 17 اپریل 2012 کو دائیگی کے لیے پیش کیا گیا تھا۔

(v) 28 مارچ 2012 کو 8,000 روپے کے چیک سے ایک چیک 2,000 روپے 7 اپریل 2012 کو ادائیگی کے لیے پیش کیا گیا تھا۔

(vi) چھان بین پر یہ مزید پتہ چلا کہ بینکر نے 500 روپے کا غلط کریڈٹ کیا اور پاس بک میں 200 روپے کا غلط ڈیبٹ کیا گیا جو 31 مارچ 2012 تک نقد بہی میں درج نہیں کیا گیا۔



نوٹس

## متن پر مبنی سوالات کے جوابات

8.1 I. i) b    ii) c    iii) a

II. i) پاس بک    ii) ڈیبٹ جارچ    iii) باہم موافق بنانے کے لیے

III. i) غلط    ii) صحیح    iii) غلط    iv) صحیح

8.2 I. i) A    ii) R    iii) A

II. i) d    ii) d    iii) b    iv) c    v) c

## اختتامی مشق کے جوابات

4. پاس بک کے مطابق بیلنس 2,950 روپے
5. کیش بک کے مطابق بیلنس 18,000 روپے
6. پاس بک کے مطابق بیلنس 4,600 روپے
7. پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ 20,000 روپے
8. پاس بک کے مطابق بیلنس 135,800 روپے
9. پاس بک کے مطابق اوورڈرافٹ 66,380 روپے
10. کیش بک کے مطابق اوورڈرافٹ 2,440 روپے
11. کیش بک کے مطابق اوورڈرافٹ 8,30 روپے
12. کیش بک کے مطابق بیلنس 2,260 روپے
13. پاس بک کے مطابق بیلنس 5,460 روپے
14. کیش بک کے مطابق بیلنس 19,300 روپے

## آپ کے لیے سرگرمی

- کسی قریبی کاروباری ادارے کا دورہ کیجئے۔ پاس بک کے ساتھ اس کے کیش بک (بینک کالم) کا موازنہ کریں۔ ان اندراجات کا پتہ کریں جو کیش بک میں کی گئی ہیں لیکن پاس بک میں نہیں ہے اور ان اندراجات کا پتہ کریں جو پاس بک میں کی گئی ہیں لیکن کیش بک میں نہیں ہے اس میں سے کل اندراجات کی فہرست بنا ہے۔